میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ شام

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

بدھ،26 ربیع الاول ،1437ھ | 06/01/2016 | نمبر:008/1437

# غدار سیاسی حل اور خیانت کی کانفرنسوں کو مسترد کرنے والے مخلصین کو نشانہ بنا کر میدان کو ان سے صاف کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

تازہ ترین حادثہ نا معلوم حملہ آوروں کی جانب سے شیخ ابو راتب کے قتل کا ہے جو کہ احرار الشام تنظیم کے حمص کے امیر تھے۔ اللہ ان کو قبول کرے کہ مجرم حکومت کے ساتھ سیاسی حل کو قبول نہ کرنےکے اپنے موقف کی وجہ سے معروف تھے،اس کے علاوہ ریاض کانفرنس اور مذاکراتی حل کی مخالفت کرتے تھے۔ اپنی شہادت سے کچھ دن قبل ،ہم یہی سمجھتے ہیں اور اللہ کے سامنے کسی کو پاک نہیں بناتے،انہوں نے صفوں میں اتحاد اور دستیاب وسائل کے ذریعے پورے شہر کو مکمل آزاد کرانےکی تجویز دی تھی۔ ان کی تجویز میں نمایاں بات احرار کے باثر لوگوں کو اس بات کی دعوت دینا تھی کہ وہ میدان میں موجود گروپوں کو متحد کرنے کی ابتداء کریں تا کہ شہر کو آزاد کرانے کے لئے مل کر ایک منصوبہ بنایا جاسکے ۔

**اے مسلمانو، اور وہ جو اخلاص کے ساتھ جدوجہد کررہے ہیں!**

شام کے مبارک انقلاب کے خلاف سازش کی اشکال اور اقسام میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے، دشمنوں اور جن کو "دوست" اور "برادر" کہا جا رہا ہے، کی ہمارے خلاف سازشوں میں اضافہ ہوگیا ہے ۔ مخلص لوگوں کو قتل کرنا اللہ کے دشمنوں کا ہدف ہےتا کہ میدان کو ان مخلص لوگوں سے خالی کیا جائے،اور تحریک کو کامیاب بنا نے اور اس تحریک کو مغرب کے کفار اور ان کے ایجنٹوں کے چنگل سے نکالنے کی کسی بھی کوشش کو نا کام کیا جائے۔ حق اور باطل کے درمیان جنگ موت و حیات کی جنگ ہے، اللہ کی قسم ہمارے سامنے اس کے علاوہ کوئی راستہ نہیں کہ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لیں اور مغرب کی ڈوریوں کو کاٹ دیں، اور ہم اپنی تحریک کے اصولوں پر مضبوطی سے ثابت قدمی سے کھڑے رہیں جو کہ حکومت کو گرا کر اس کی جگہ نبوت کے طرز پر خلافت کا قیام ہے۔

اللہ سے دعا ہے کہ ہمارے شہدا کو قبول کرے اور ہمارے دشمنوں کی سازشوں کو ناکام بنائے، اورہم اس امت کے تمام مخلص لوگوں کو دعوت دیتے ہیں کہ ہمارے ساتھ مل کر رب کی شریعت کو نافذ کرنے کے لیے جدو جہد کریں اور ہم کچھ نہیں کہتے سوائے اس کے جس سے اللہ راضی ہو۔

﴿إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾

" ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جائیں گے"۔

**ولایہ شام میں حزب التحریر کا میڈیا آفس**

ای میل: media@tahrir-syria.info
شام کی ویب سائٹ:www.tahrir-syria.info
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info